PRESS RELEASE

For immediate release
April 28, 2023

ایس ای سی پی نے سرمایہ کاروں کی ڈیجیٹل آن بورڈنگ کے لیے نئے سینٹر لائزڈ گیٹ وے پورٹل کی منظوری دے دی

اسلام آباد، 28 اپریل: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے ریگولیٹڈ سیکٹرز میں مختلف اثاثہ جات کی کلاسوں میں صارفین کو ڈیجیٹل آن بورڈنگ کی سہولت فراہم کرنے اور بار بار KYC پروسیسنگ کی ضرورت کو دور کرنے کے لیے، سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے سینٹر لائزڈ گیٹ وے پورٹل کی منظوری دے دی ہے۔

یہ سینٹر لائزڈ ڈیجیٹل آن بورڈنگ پلیٹ فارم ایس ای سی پی کے ریگولیٹ کردہ مختلف ایسیٹ کلاسوں ڈیجیٹل آن بورڈنگ کے عمل کو متعارف کرانے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ اس پلیٹ فارم کے نفاذ کے نتیجے میں صارفین کی تفصیلات صرف ایک بار پر اسس کرنی پڑیں گی۔ ایس ای سی پی نے پورٹل تیار کرنے اور نافذ کرنے کی ذمہ داری سینٹرل ڈپازٹری کمپنی کو دی ہے۔ پورٹل تین ماہ کی مدت میں نافذ ہونے کی توقع ہے۔

جو صارفین اس پورٹل سے آن بورڈ کیے جائیں گے، انہیں کسی بھی ایس ای سی پی کے ریگولیٹڈ ادارے کے ساتھ اکاؤنٹ کھولتے وقت اپنی معلومات اور دستاویزات صرف ایک مرتبہ جمع کروانے کی ضرورت ہو گی۔ اس سے نہ صرف موثر ڈیجیٹل آن بورڈنگ میں مدد ملے گی بلکہ اکاؤنٹس کھولنے کے لیے درکار وقت میں بھی کمی آئے گی۔ اس سہولت سے سکیورٹیز بروکرز، فیوچر بروکرز، ایسیٹ مینجمنٹ کمپنیاں اور انشورنس کمپنیاں اور ان کے ڈسٹری بیوشن ایجنٹس، سکیورٹیز اینڈ فیوچر ایڈوائزرز اور انویسٹمنٹ ایڈوائزرز مستفید ہو سکیں گے۔

صارفین کی آن بورڈنگ کے طریقہ کار کو تیز اور آسان طریقے سے نافذ کرنے کے لیے، ایس ای سی پی نے ایک سرکلر بھی جاری کیا ہے جو ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہے۔ اس میں صارفین کی طرف سے مطلوبہ معلومات کی وضاحت

کی گئی ہے تاکہ تمام ایسیٹ کلاسز میں لاگو ہونے اور آن بورڈنگ کے عمل میں یکسانیت کو یقینی بنایا جاسکے۔ مزید، صنعت کے شرکاء کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنے اکاؤنٹ کھولنے کے فارم کو سرکلر کے تقاضوں کے مطابق ترتیب دیں اور صارفین کی رضامندی سے پورٹل کے ساتھ صارفین کی معلومات کے اشتراک کے لیے رابطہ قائم کریں۔